# بے مثال آسمانی شہر



4 امیزنگ فیکٹس اسٹڈی گائیڈ



اپنے پسندیدہ قصبہ یا شہر کا تصوّر کریں جو بغیر کسی گڑھے، ٹریفک، آلودگی، یا ہر طرح کے جرم سے پاک ہو! نا ممکن؟ لیکن بائبل مقدّس ایک ایسے شہر کے بارے میں بتاتی ہے جہاں کی سڑکیں سونے سے آراستہ ہیں! اور اُس کی شہر پناہ کی تعمیر یشب کی سی تھی، اُس کی اونچی دیواروں کے اندر، کوئی بھی شخص کھانسی، چھینک، نزلہ یا زکام سے متاثرہ نہیں ہوگا۔ اس شہر میں داخل ہونے والا ہر فرد کامل طور پر صحت مند رہے گا اور ایک دوسرے کی صُحبّت سے لطف اندوز ہوگا۔ کیا آپ اُس شہر کی سیر کرنا چاہیں گے؟ ٹھیک ہے، آپ نہ صرف وہاں جا سکتے ہیں بلکہ آپ وہاں رہ بھی سکتے ہیں! کیسے اُس شہر میں داخل ہوں اُس کو جاننے کے لئے ملاحظہ فرمائیں...



## 1

## اِس ناقابلِ یقین شہر کا معمار اور بنانے والا کون ہے؟

"مگر حقیقت میں وہ ایک بہتر یعنی آسمانی ملک کے مُشتاق تھے۔ اِسی لئے خُدا اُن سے یعنی اُن کا خُدا کہلانے سے شرمایا نہیں چُنانچہ اُس نے اُن کے لئے ایک شہر تیّار کیا" (عبرانیوں 16:11)۔

**جواب:** بائبل مقدّس کا کہنا ہے کہ خُدا نے اپنے لوگوں کے لئے غیر معمولی اور بہت بڑا شہر تعمیر کر رکھا ہے اور یہ اتنا ہی حقیقی ہے جتنا کہ دُنیا کا کوئی بھی شہر!

## 2

## یہ حیرت انگیز شہر کہاں ہے؟

پھر میں نے شہرِ مقدّس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خُدا کے پاس سے اُترتے دیکھا" (مکاشفہ 2:21)۔ "اے خُداوند میرے خدا یا اپنے بندہ کی مُناجات کو سن لینا... بلکہ آسمان پر سے جو تیری سکونت گاہ ہے" (1۔ سلاطین 30,28:8)۔

**جواب:** اِس وقت، مقدّس شہر آسمان میں زیرِ تعمیر ہے۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved


## 3 اِس حیرت انگیز شہر کے بارے میں بائبل مقدّس کیسے معلومات فراہم کرتی ہے؟

جواب:

### (الف)۔ نام

اس شہر کو "نئے یروشلم" کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

(مکاشفہ 2:21)۔



### (ب)۔ جسامت

اِس کی جسامت "اور وہ شہر چوکور واقع ہوا تھا اور اس کی لمبائی چوڑائی کے برابر تھی۔ اُس نے اُس شہر کو اُس گز سے ناپا تو بارہ ہزار فرلانگ نکلا" (مکاشفہ 16:21)۔ شہر بالکل مربع ہے۔ اِس کو گز سے ناپا تو 12،000 فرلانگ نکلا۔ جو 1،500 میل کے برابر ہے۔ یہ ہر طرف 375 میل لمبا ہے۔

### (ج)۔ دیواریں

اِس کی دیواریں "اور اُس نے اُس کی شہر پناہ کو آدمی کی یعنی فرشتہ کی پیمائش کے مطابق ناپا تو ایک سَو چوالیس ہاتھ نِکلی۔ اور اُس کی شہر پناہ کی تعمیرِ یشب کی تھی اور شہر اَیسے خالِص سونے کا تھا جو شفّاف شیشہ کی مانِند ہو" (مکاشفہ 17:21، NIV18)۔ ایک دیوار جو 144 ہاتھ پر کھڑی ہے۔ جو 216 فٹ اونچی ہے!، دیوار ٹھوس یشب سے بنی ہے، جس کی چمک اور خوبصورتی بیان سے باہر ہے۔ اس کے بارے میں سوچیئے: تقریباً 20 منزلہ اونچی ہے۔



### (د)۔ دروازے

"اور اُس کی شہر پناہ بڑی اور بلند تھی اور اُس کے بارہ دروازے تھے... تین دروازے مشرق کی طرف تھے۔ تین دروازے شمال کی طرف.... تین دروازے جنوب کی طرف اور تین دروازے مغرب کی طرف...اور بارہ دروازے بارہ موتیوں کے تھے۔ ہر دروازہ ایک موتی کا تھا" (مکاشفہ 12:21، 13، NIV21)

### (ع)۔ بنیادیں

اُس شہر کی بنیادیں "اور اُس شہر کی شہر پناہ کی بارہ بنیادیں تھیں۔ اور ہر طرح کے جواہر سے آراستہ تھیں۔ پہلی بنیاد یشب کی تھی۔ دوسری نیلم کی تھی۔ تیسری شب چراغ کی تھی۔ چوتھی زمرد کی۔ پانچویں عقیق کی۔ چھٹی لعل کی۔ ساتویں سنہرے پتھر کی۔ آٹھویں فیروزہ کی۔ نویں زبرجد کی۔ دسویں یمنی کی۔ گیارتویں سنگ سنبلی کی اور بارھویں یاقوت کی" (مکاشفہ 14:21، 19، NIV20) اُس شہر میں مکمل بارہ بنیادیں ہیں۔ جس میں سے ہر ایک قیمتی پتھر سے بنی ہے۔ جس کے اندر قوس وقزاح کے ہر رنگ کی نمائندگی کی جاتی ہے، لہٰذا ایک فاصلے پر یہ شہر قوس قزح پر مُنحصِر دِکھائی دے گا۔

### (و)۔ گلیاں

"اور شہر کی سڑک شفاف شیشہ کی مانند خالص سونے کی تھی" (مکاشفہ 21:21)




### (ز)۔ اُس شہر کی ظاہری شکل

"شہر مقدّس ایک دلہن کی مانند آراستہ تھا جس نے اپنے شوہر کے لئے سنگار کیا ہو"۔ "اس میں خُدا کا جلال تھا اور اُس کی چمک نہایت قیمتی پتھر یعنی اُس یشب کی سی تھی جو بلور کی طرح شفاف ہو۔ اور وہ شہر چوکور واقع ہوا تھا اور اس کی لمبائی چوڑائی کے برابر تھی" (مکاشفہ 2:21، 11، 16.NIV) یہ شہر، جو قیمتی پتھروں، سونے اور چمکتے ہوئے خوبصورت وسیع ہال پر مشتمل ہے، خدا کے جلال کے ساتھ روشن ہوگا۔ جس کی حیرت انگیز عظمت اور پاکیزگی کا موازنہ "اپنے شوہر کے لئے خوبصورت لباس میں ملبوس دلہن سے کیا جاتا ہے۔



## 4 کیا ہی شاندار شہر کی غیر معمولی وہ کونسی خصوصیت ہے جو ہر شہری کو ابدی نوجوانی اور دائمی صحت مندی کی یقین دہانی کراتی ہے ؟



"اور دریا کے وار پار زندگی کا درخت تھا۔ اس میں بارہ قسم کے پھل آتے تھے اور ہر مہینے میں پھلتا تھا اور اس درخت کے پتوں سے قوموں کو شفا ہوتی تھی" (مکاشفہ 2:22)۔ "حیات کے درخت سے بھی کچھ لے کر کچھ کھائے اور ہمیشہ زندہ رہے" (پیدائش 22:3)۔

**جواب:** زندگی کا درخت 12 اقسام کے پھل دیتا ہے ، جو اُس عظیم شہر کے وسط میں ہے۔ (مکاشفہ 7:2)، اور اُس کے پھل کھانے والا ہر فرد اپنی دائمی زندگی اور نوجوانی کو واپس حاصل کرے گا۔ یہاں تک کہ اُس کے پتے حیرت انگیز پائیدار خصوصیات پر مشتمل ہیں۔ اس درخت سے ہر ماہ پھلوں کی نئ فصل بر آمد ہو گی۔



## 5 کیا یہ سچ ہے کہ یہ حیرت انگیز شہر اِس زمین پر اُترے گا؟

"پھر میں نے شہر مقدّس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خُدا کے پاس سے اُترتے دیکھا اور وہ اُس دلہن کی مانند آراستہ تھا جس نے اپنے شوہر کے لئے سنگار کیا ہو" (مکاشفہ 2:21)۔
"مُبارک ہیں وہ جو حلیم ہیں کیونکہ وہ زمین کے وارث ہوں گے" (متی 5:5)۔
"دیکھ صادِق کو زمین پر بدلہ دِیا جائے" (امثال 31:11)۔

**جواب:** ہاں ! یہ عظیم الشان شہرِ مقدّس اِس سیارے پر اُترے گا اور زمین کا دارالحکومت بنایا جائے گا۔ جس میں تمام نِجات یافتہ افراد کے لیے ایک گھر ہو گا۔



## 6 گنہگاروں اور غیر نِجات یافتہ افراد کا کیا حال ہو گا؟

"تب سب مغرُور اور بد کردار بُھوسے کی مانِند ہوں گے اور وہ دِن اُن کو اَیسا جلائے گا کہ شاخ وبُن کچھ نہ چھوڑے گا ربُّ الافواج فرماتا ہے" (ملاکی 1:4)۔ "اجرام فلک حرارت کی شدت سے پگھل جائیں گے اور زمین اور اُس پر کے کام جل جائیں گے۔" (2۔ پطرس 10:3)۔ "اور تُم شرِیروں کو پایمال کرو گے کیونکہ اُس روز وہ تُمہارے پاؤں تلے کی راکھ ہوں گے ربُّ الافواج فرماتا ہے" (ملاکی 3:4)۔ "لیکن اس کے وعدہ کے موافق ہم نئے آسمان اور نئی زمین کاانتظار کرتے ہیں جن میں راستبازی بسی رہے گی" (2۔ پطرس 13:3)۔

**جواب:** خُدازمین کو گناہ سے پاک کرے گا، وہ بھی، گہری اداسی میں، زمین کو اُن لوگوں سے صاف کرے جو مسلسل گناہ میں لت پت ہیں، پھر خُدا ایک کامل نئی زمین بنائے گا۔ مقدّس شہر زمین کا دارالحکومت ہو گا۔ یہاں نِجات یافتہ لوگ تمام ابدیت میں وہاں خوشی اور امن کے ساتھ بسیرا کریں گے۔ خُدانے وعدہ کیاہے کہ گناہ دوبارہ سر نہیں اٹھائے گا۔ نحوم 9:1 کو دیکھیں (جہنم پر مزید معلومات کے لئے، مطالعہ گائیڈ نمبر دیکھیں 11)

## 7 خُدانے اپنی اس نئی بادشاہی میں داخل ہونے والے لوگوں سے کونسے سنسنی خیز وعدے کیے ہیں؟

**جواب:**

(الف) ذاتی طور پر، خُداوند آپ اُن کے ساتھ رہے گا (مکاشفہ 3:21)۔

(ب) وہ کبھی اکتائیں گے نہیں۔ وہاں ہمیشہ کے لئے خوشیوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ (زبور 16:11)

(ج) مزید موت، درد، آنسو، غم، بیماری، ہسپتالوں، آپریشن المیہ مایوسی، مصیبت، بھوک، یا پیاس وہاں نہیں ہونگے (مکاشفہ 4:21؛ یسعیاہ 33:24؛ یسعیاہ 65:23؛ مکاشفہ 16:7)

(د) وہ وہاں ہر گز تھکان محسوس نہیں کریں گے۔ (یسعیاہ 40:31)

(ھ) ہر شخص جسمانی طور پر کامل نظر آئے گا۔ بہرے سنیں گے، اندھوں کو دکھائی دے گا، اور مفلوج افراد دوڑیں گے۔ (یسعیاہ; 6,5:35 فلپیوں 3:21)

(و) خُدا کی بادشاہی میں حسد، خوف، نفرت، جھوٹ، حسد، ناپاکی، بدکاری، غلاظت، پریشانی اور تمام برائیوں کا وجود نہیں ہو گا۔ (مکاشفہ 15:22؛ 27:21، 8)۔ لوگوں کو اُن کی پریشانیوں اور فکروں کا بوجھ نہیں ہو گا جو ان کو مشغول رکھتے اور نقصان پہنچاتے۔ اور یہاں مزید پریشانی نہیں ہو گی۔ وقت ابدیت بن جائے گا، اور آج زمین کے دباؤ اور آخری تاریخ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔



## 8 نئی سرزمین کس طرح موجودہ زمین سے مختلف ہو گی؟



**جواب:**

(الف) ''پھر میں نے ایک نئے آسمان اور نئی زمین کو دیکھا کیونکہ پہلا آسمان اور پہلی زمین جاتی رہی تھی اور سمندر بھی نہ رہا'' (مکاشفہ 1:21)۔ آج، زمین کی سطح کا تقریباً 70 فیصد حصّہ سمندروں پر محیط ہے۔ خُدا کی نئی بادشاہی میں ایسا نہیں ہوگا۔ پوری دُنیا بے مثال خوبصورتی کا ایک بہت بڑا گلستان ہوگا، جھیلوں، دریاؤں اور پہاڑوں سے منقسم ہوگا۔ (مکاشفہ 1:22؛ اعمال 21,20:3)۔

(ب) صحراؤں کو باغات میں تبدیل کیا جائے گا (یسعیاہ 2,1:35)۔

(ج) )ہر جانور سدھایا جائے گا۔ اور جانور جیسے بھیڑیے، شیر، ریچھ وغیرہ دوسرے کا شکار نہیں کریں گے، اور چھوٹے بچے اُن کو ہانکیں گے۔ (یسعیاہ 9:6:11؛ یسعیاہ 25:65)۔

(د) وہاں مزید کوئی لعنت نہیں ہوگی۔ (مکاشفہ 3:22) گناہ کی لعنت، جیسا کہ (پیدائش 3:17۔19)، میں اس سلسلہ میں مفصل بیان کیا گیا ہے، گناہ کی لعنت وہاں نہیں ہوگی۔

(ھ) وہاں کسی بھی قسم کا مزید تشدد نہیں ہوگا (یسعیاہ 18:60)۔ جس میں مزید جرائم، طوفان، سیلاب، زلزلے، طوفان، چوٹ وغیرہ شامل نہیں ہیں۔

(و) وہاں نجس وناپاک کچھ نہیں پایا جائے گا (مکاشفہ 27:21) نئی مملکت میں شرابی، شراب خانہ، کوٹھے، فحاشی یا کسی بھی طرح کی ناپاکی نہیں ہوگی۔



## 9 کیا وہاں خُدا کی بادشاہی میں چھوٹے بچے ہوں گے؟ اگر ایسا ہے تو، کیا وہ بڑے ہوں گے؟

''اور شہر کے کُوچے کھیلنے والے لڑکے لڑکیوں سے معمور ہُوں گے''۔ جو اس شہر کی گلیوں میں کھیل رہے ہوں گے'' (زکریا 5:8)۔ ''آپ باہر جائیں گے اور بڑھیں گے ... اور تُم گاؤخانہ کے بچھڑوں کی طرح کُودو پھاندو گے'' (ملاکی 2:4)۔

**جواب:** وہاں مقدّس شہر میں بے شمار چھوٹے بچے ہوں گے (یسعیاہ 11:6-9) اور یہ جوان بڑے ہو جائیں گے۔ جب سے انسان کے زوال کے بعد، ہم قد، عقل، اور قوت حیات میں بہت زیادہ گر چکے ہیں—— لیکن یہ سب کچھ بحال ہو جائے گا! (اعمال 21,20:3)۔

## 10 جب پیاروں کو آسمان میں دوبارہ آپس میں ملایا جائے گا، تو کیا وہ ایک دوسرے کو پہچانیں گے؟

"مگر اُس وقت اَیسے پُورے طور پر پہچانُوں گا جَیسے میں پہچانا گیا ہُوں" (1۔کرنتھیوں 13:12)۔


**جواب:** بائبل مقدّس واضح طور پر یہ تعلیم دیتی ہے کہ جو نجات پائے گا، "تیرے مُردے جی اُٹھیں گے۔ میری لاشیں اُٹھ کھڑی ہوں گی۔ تم جو خاک میں جا بسے ہو جاگو اور گاؤ کیونکہ تیری اوس اُس اوس کی مانِند ہے جو نباتات پر پڑتی ہے اور زمین مُردوں کو اُگل دے گی" اور ایک ساتھ خُدا کی نئی بادشاہی میں داخل ہوں گے۔ (یسعیاہ 26:19؛ یرمیاہ 31:15-17؛ 1کرنتھیوں 15:51-55؛ 1تھسلنیکیوں 4:13-18)۔ یہ امر یہ بھی بتلاتا ہے کہ خُدا کی بادشاہی کے پیارے ایک دوسرے کو جانیں گے، جس طرح آج لوگ زمین پر ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔



## 11 کیا آسمان میں لوگ گوشت اور ہڈی سے بنے ہوں گے ؟

"یسُوع آپ اُن کے بیچ میں آکھڑا ہوا اور اُن سے کہا تمہاری سلامتی ہو"۔ "میرے ہاتھ اور میرے پاؤں دیکھو کہ میں ہی ہوں۔ مجھے چھو کر دیکھو کیونکہ رُوح کے گوشت اور ہڈی نہیں ہوتی جیسا مجھ میں دیکھتے ہو"۔ "جب مارے خوشی کہ اُن کو یقین نہ آیا اور تعجب کرتے تھے تو اس نے ان سے کہا کیا یہاں تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے ؟" "اُنہوں نے اُسے بُھنی ہُوئی مچھلی کا قتلہ دِیا۔ اس نے لے کر اُن کے روبرو کھایا"، "پھر وہ اُنہیں بیت عنیاہ کے سامنے تک باہر لے گیا اور اپنے ہاتھ اٹھا کر انہیں برکت دی۔ جب وہ انہیں برکت دے رہا تھا تو ایسا ہوا کہ ان سے جدا ہو گیا اور آسمان پر اٹھایا گیا" (لوقا 24:36-39، 41-43، 50، 51) "یہی یسوع، جو آسمان پر اٹھایا گیا ہے، اسی طرح واپس آئے گا جس طرح تم نے اُسے آسمان پر جاتے دیکھا ہے" (اعمال 1:11) "یسُوع ہماری پست حالی کے بدن کی شکل بدل کر اپنے جلال کے بدن کی صورت پر بنائے گا" (فلپیوں 3:20، 21)۔

**جواب:** اپنے جی اٹھنے کے بعد، یسُوع نے اپنے شاگردوں کو چھونے اور کھانا کھا کر ثابت کیا کہ وہ گوشت اور ہڈی ہے۔ یہی یسُوع آسمان پر اپنے باپ کے پاس گیا ہے اور دوبارہ زمین پر آئے گا۔ نجات یافتہ لوگوں کو مسیح جیسے بدن کی طرح جسم دیئے جائیں گے اور وہ جسمانی لوگ ہوں گے جو ابد تک گوشت اور ہڈی کے بنے ہوئے ہوں گے۔ فرق یہ ہو گا کہ ہمارے آسمانی اجسام بگاڑ اور موت کے تابع نہیں ہوں گے۔ یہ تعلیم کہ جو لوگ آسمان میں محفوظ ہیں وہ محض رُوحیں ہوں گی جو بادلوں کے گرد سیر کرنے اور بربط بجانے کے علاوہ اور کچھ نہیں کرتی ہیں۔ لیکن بائبل مقدّس میں ایسی تعلیم کوئی بنیاد نہیں رکھتی۔ یسُوع نے صلیب پر اپنی جان اِس لئے نہیں دی کہ وہ لوگوں کے لئے صرف معمولی سا مستقبل فراہم کرے وہ جو اُس کی محبّت کو قبول کرتے ہیں اور اُس کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں۔ زیادہ تر لوگوں کو اس طرح کے وجود سے کوئی دلچسپی نہیں ہے جس وجہ سے، وہ خُدا کی آسمانی بادشاہی میں داخل ہونے کی کوئی خواہش نہیں رکھتے ہیں۔ اور اسے صرف اِس وجہ سے ترجیح دیتے ہیں کہ وہ جہنم سے ڈرتے ہیں۔ اگر ہر شخص خُدا کے مقدّس شہر اور نئی سرزمین کے بارے میں سچ جانتا، لوگ اُس کی محبّت کو سمجھنا شروع کر سکتے ہیں اور اُس کی طرف رجوع کر سکتے ہیں اور اُس امن، خوشی اور مقصد سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو اُس نے اُنہیں تجربہ کرنے کے لیے خلق کیا ہے۔



## 12 لوگ نئی سلطنت میں اپنا وقت کس طرح گزاریں گے؟

"وہ گھر بنائیں گے اور اُن میں بسیں گے۔ وہ تاکستان لگائیں گے اور اُن کے میوے کھائیں گے۔ نہ کہ وہ بنائیں اور دُوسرا بسے۔ وہ لگائیں اور دُوسرا کھائے کیونکہ میرے بندوں کے ایّام درخت کے ایّام کی مانند ہوں گے اور میرے برگزیدے اپنے ہاتھوں کے کام سے مدّتوں تک فائدہ اُٹھائیں گے" (یسعیاہ.65:21،22)۔



**جواب:** بچائے گئے نئی زمین میں اپنے گھر تعمیر کریں گے۔ ہر شخص کے پاس گھر ہو گا جو مسیح نے بنایا ہو گا۔ (دیکھیں یوحنا 14:1-3) وہ انگور کے باغ لگائیں گے اور اُن میں پھل کھائیں گے۔ بائبل مقدّس نے اِس کی بابت صاف انداز میں واضح کیا ہے کہ, حقیقی لوگ جنت میں بہترین کام کریں گے، جس سے وہ مسلسل لطف اندوز ہوں گے۔

## 13 بچائے گئے جنت میں مزید کیا کریں گے؟



**جواب:**

(الف) جنتی لوگ موسیقی گائیں گے اور بجائیں گے۔
(یسعیاہ 35:10؛ 51:11؛ زبور 87:7؛ مکاشفہ 14:2،3)۔

(ب) ہر ہفتے خُدا کے تخت کے سامنے عبادت کریں گے۔
(یسعیاہ,66:22،23)۔

(ج) کبھی نہ مرجھانے والے پھولوں اور درختوں سے لطف اُٹھائیں گے۔
(حزقی ایل 47:12؛ یسعیاہ 35:1،2)۔

(د) اپنے عزیز و اقارب، آباواجداد، اور بائبل مقدّس کے کرداروں کے ساتھ ملیں گے۔ (متی 8:11؛ مکاشفہ 7:9-17)۔

(ہ) جنت میں پائے جانے والے جانوروں کا مطالعہ کریں گے۔
(یسعیاہ 9:6-11؛ 65:25)۔

(و) دائمی طور پر بغیر تھکاوٹ کے سفر کریں گے اور مشاہدہ کریں گے
(یسعیاہ 40:31)۔

(ز) خُدا کو حمد و ثناء سے شادمان اور خوش دیکھیں گے
(صفنیاہ 3:17)۔

(ح) اپنی دلی خواہشات کا تجربہ کریں گے
(زبور 37:3،4؛ یسعیاہ 65:24)۔

(ط) )اور عظیم ترین خوشی یسُوع کے ساتھ رہنے میں ملے گی، جس کے ساتھ سفر کرنے اور رُوبرو ملنے کا اعزاز حاصل ہو گا۔
(مکاشفہ 14:4؛ 22:4؛ 21:3؛ 1۔ یوحنا 3:2)۔



## 14 کیاانسانی زبان جنت میں ہمارے گھر کی شان کو مکمل طور پر بیان کر سکتی ہے ؟

''بلکہ جیسا لکھاہے وَیسا ہی ہُوَا کہ جو چِیزیں نہ آنکھوں نے دیکھِیں نہ کانوں نے سُنی نہ آدمی کے دِل میں آئِیں وہ سب خُدانے اپنے محبّت رکھنے والوں کے لئے تیّار کر دِیں'' (1۔ کرنتھیوں 9:2)۔

**جواب:** اپنے خوابوں میں بھی بنی نوع انسان خدا کی ابدی بادشاہت کے عجائبات کو سمجھ نہیں سکتے۔ اور وہ عدن جو آدم نے کھودی وہ بحال کی جائے گی۔

## 15 کیا یہ بادشاہی آپ کے لئے ذاتی طور پر تیار کی جارہی ہے ؟

''جو کوئی چاہے آبِ حیات مفت لے۔'' (مکاشفہ 17:22) تاکہ ایک غَیر فانی اور بے داغ اور لازوال مِیراث کو حاصل کریں۔'' (1۔ پطرس 4:1)۔ ''میں جاتاہوں تاکہ تمہارے لئے جگہ تیار کرُوں۔'' (یوحنا 2:14)

**جواب:** ہاں ! یہ ابھی آپ کے لئے ذاتی طور پر تیار کیا جارہا ہے۔ اور خُداوند کی طرف سے آپ کو ذاتی طور پر دعوت ہے۔ براہ کرم اُس کی پیشکش کو مسترد نہ کریں !




## 16 آپ کو اُس عظیم اور شاندار سلطنت میں جگہ کی یقین دہانی کیسے کرائی جا سکتی ہے؟

"دیکھ میں دروازہ پر کھڑا ہُوا کھٹکھٹاتا ہُوں۔ اگر کوئی میری آواز سُن کر دروازہ کھولے گا تو میں اُس کے پاس اندر جا کر اُس کے ساتھ کھانا کھاؤں گا اور وہ میرے ساتھ" (مکاشفہ 20:3)۔ "جو مجھ سے اَے خُداوند اَے خُداوند! کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخِل نہ ہو گا مگر وُہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے" (متی 21:7)۔ "مبارک ہے وہ جو اپنے جامے دھوتے ہیں کیونکہ زندگی کے درخت کے پاس آنے کا اختیار پائیں گے اور ان دروازوں سے شہر میں داخل ہوں گے" (مکاشفہ 14:22)۔ "لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا اُس نے اُنہیں خُدا کے فرزند بننے کا حق بخشا" (یوحنا 12:1)۔ "اور اُس کے بیٹے یِسُوعؔ کا خُون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے" (1 یوحنا 7:1)۔



**جواب:** آپ اپنی زندگی مسیح کے حوالے کر دیں اور اُسی پر قائم رہیں تاکہ وہ آپ کو گناہ اور گناہ کی خواہشات سے پاک کر دے۔ یہ بہت ہی آسان ہے! جب آپ اُس میں قائم رہیں، یسُوع آپ کو اپنی مرضی کو پورا کرنے اور اُس کے احکام کو پیار کرنے والی اطاعت سے اور گناہوں سے دُور رکھنے کی طاقت فراہم کرے گا۔ اُس کا مطلب یہ ہے کہ آپ زندہ رہیں گے جیسے مسیح رہا اور وہ آپ کو تمام گناہوں پر قابو پانے میں مدد کرے گا۔ "جو غالِب آئے وُہی اِن چیزوں کا وارِث ہو گا" (مکاشفہ 7:21) انسان اُس وقت جنت کے لیے تیار ہوتا ہے جب جنت دل میں ہوتی ہے۔

## 17 کیا آپ نے یسُوع کی شاندار دعوت قبول کی ہے کہ وہ اپنی آسمانی بادشاہت میں ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے؟

آپ کا جواب: ☐

# آپ کے سوالات کے جوابات

1۔ جب نجات پانے والے اپنے کھوئے ہوئے پیاروں کے بارے میں سوچتے ہیں تو آسمان کیسے خوشی کی جگہ ہو سکتی ہے؟

جواب: بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ خدا "اور وہ اُن کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دے گا" (مکاشفہ 4:21)۔ نئی زمین خوبصورتی اور خوشیوں سے گھری ہوئی ہے، خُدا کی جانب سے نجات پانے والے لوگ ماضی کے سانحات اور درد کو بھول جائیں گے۔ (ایسعیا 17:65) کہتا ہے "اور پہلی چیزوں کا پھر ذِکر نہ ہوگا اور وہ خیال میں نہ آئیں گی "

2۔ بائبل مقدّس فرماتی ہے، "اور پہلی چیزوں کا پھر ذِکر نہ ہوگا اور وہ خیال میں نہ آئیں گی" (1۔کرنتھیوں 50:15)، تو پھر، مخلصی یافتہ گوشت اور ہڈی کیسے ہو سکتے ہیں؟

جواب: یہاں پولُس رسول نے ذیل کی آیات پر زور دیا 35-49 آیتوں میں کیا کہا، "اَب کوئی یہ کہے گا کہ مرُدے کس طرح جی اُٹھتے ہیں اور کیسے جِسم کے ساتھ آتے ہیں؟ اَے نادان! تُو خُود جو کچھ بوتا ہے جب تک وہ نہ مرے زِندہ نہیں کیا جاتا۔ خواہ گیہُوں کا خواہ کسی اَور چیز کا۔ مگر خُدا نے جیسا اِرادہ کر لیا وَیسا ہی اُس کو جِسم دیتا ہے اور ہر ایک بیج کو اُس کا خاص جِسم۔" "گوشت اور خون نے نہیں" جو صرف اس پر پر انسانی جسم کا حوالہ ہے "(متی 16:17 دیکھیں؛ گلتیوں 16:1، 17؛ افسیوں 12:6) مسیح نے اپنے جی اٹھنے والے جسم کا اعلان وہ واقعتاً کیا تھا۔ وہ حقیقی طور پر "گوشت اور ہڈی تھا" (لوقا 39:24)۔ اور فلپیوں 21:3 کے مطابق، ہمارے پاس اس کی طرح کے جسم ہوں گے۔

3۔ کیا پطرس رسُول مقدّس شہر کے پھاٹکوں کا انچارج ہوگا؟

جواب: نہیں، بائبل مقدّس فرماتی ہے "اور اُس کی شہر پناہ بڑی اور بُلند تھی اور اُس کے 12 دروازے اور دروازوں پر 12 فرِشتے تھے" (مکاشفہ 12:21)۔ بائبل مقدّس میں کسی بھی رسول کا دروازے کے محافظ کے طور پر کوئی حوالہ نہیں دیا گیا ہے۔

4۔ کیا شہر مقدّس واقعی اتنا بڑا ہے کہ تمام زمانوں کے نِجات یافتہ لوگوں کو اپنے اندر رکھ سکے گا؟

جواب: اگر ہر محفوظ شدہ فرد کو 100 مربع فٹ زمینی جگہ دی جاتی ہے تو، اِس شہر میں 39 بلین افراد کی گنجائش ہو گی جو دُنیا کی موجودہ آبادی سے کئی گنا زیادہ ہے۔ بہت سے علم شماریات کے ماہرین کا خیال ہے کہ اگر وہ تمام افراد جو اِس دُنیا اب تک بطور نِجات یافتہ حیات رہ چکے ہیں، اُس شہر مقدّس میں اُن کے لئے کافی جگہ ہو گی۔ کلام یہ واضح کرتا ہے، البتہ، ہر ایک کو بچایا نہیں جائے گا۔ (متی 14:7)۔ اس طرح، عظیم شہر میں کافی سے زیادہ گنجائش ہو گی۔

5۔ بعض اوقات مجھے حیرت ہوتی ہے کہ کیا اجر دُکھ درد سے قیمتی ہے؟ ایسا لگتا ہے کہ بعض اوقات شیطان مجھ پر غالب آنے والا ہے۔ کیا بائبل مقدّس کوئی حوصلہ افزائی کرتی ہے؟

جواب: ہاں! جب پولُس رسُول نے لکھا تو وہ ہمارے بارے میں سوچ رہا تھا "کیونکہ میری دانِست میں اِس زمانہ کے دُکھ دَرد اِس لائق نہیں کہ اُس جلال کے مُقابِل ہو سکیں جو ہم پر ظاہِر ہونے والا ہے۔" (رومیوں 18:8)۔



آپ کے آسمانی باپ کی صرف ایک جھلک جو اس ابدی بادشاہی میں آپ کا انتظار کر رہا ہے وہ زمین کے بدترین امتحان اور آزمائشوں کو کم کرنے کا سبب بنے گا۔

## 6۔ کیا مرنے والے بچے خُدا کی بادشاہی میں محفوظ ہو جائیں گے؟

**جواب:** ہمارے پاس اِس سوال کا بائبل مقدّس کا کوئی خاص جواب نہیں ہے، لیکن بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ متی 2:16-18 کی بنیاد پر نوزائیدہ بچوں کو بچا لیا جائے گا۔ جہاں بائبل مقدّس میں بادشاہ ہیرودیس کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ بیت المقدس میں لڑکوں کو مار ڈالے گا۔ پرانے عہد نامہ نے اس المناک واقعہ کی پیش گوئی کی تھی، لیکن خُدا نے ماؤں کو کہا کہ وہ نہ روئیں کیونکہ ایک دن اُن کے بچے اُن کے پاس آ جائیں گے۔ "خُداوند یُوں فرماتا ہے کہ اپنی زاری کی آواز کو روک اور اپنی آنکھوں کو آنسُوؤں سے باز رکھ کیونکہ تیری محنت کے لئے اجر ہے خُداوند فرماتا ہے اور وہ دُشمن کے ملک سے واپس آئیں گے اور خُداوند فرماتا ہے تیری عاقِبت کی بابت اُمید ہے کیونکہ تیرے بچّے پِھر اپنی حدُود میں داخِل ہوں گے" (یرمیاہ 31:16،17)۔

## 7۔ کیا میں صحیح طور پر سمجھتا ہوں کہ یہاں زمین پر نجات پانے والوں کا گھر ہو گا؟

**جواب:** ہاں! اگرچہ اَب یہ مقدّس شہر خُدا کی سکونت گاہ میں ہے، لیکن وہ اُسے اِس زمین پر منتقل کرنے جا رہا ہے۔ مقدّس شہر نئی زمین کا دارالحکومت ہو گا، اور خُدا اپنا تخت یہاں منتقل کرے گا۔ (مکاشفہ 21:2،3؛22:1،3) اور ہمیشہ کے لئے زمین پر محفوظ حق کے ساتھ زندہ رہیں گے۔ اور جہاں خُداوند سکونت کرتا ہے، وہی فردوس ہے۔ خُدا کا منصوبہ یہ ہے کہ ہمارے لیے وہ سب کچھ بحال کرے جو آدم نے کھویا تھا: ایک کامل سیارے پر کامل زندگی کی شان و شوکت۔ شیطان اور گناہ نے خُدا کے منصوبے میں خلل پیدا کیا، لیکن اس منصوبے کو انجام دیا جائے گا۔ ہم اِس نئی مملکت میں حصّہ لے سکتے ہیں۔ (مزید معلومات کے لئے مطالعاتی کتابچہ نمبر 12 دیکھیں۔)

## 8۔ کیوں بہت سے لوگوں کا ماننا ہے کہ نجات پانے والوں کا گھر ایک ایسی دھندلا عالم ہے جو بھوت پریت کی آماجگاہ کی طرح ہے جو بادلوں پر تیرتی ہے اور بربط بجانے کے سوا کچھ نہیں کرتے ہیں؟

**جواب:** اِس جھوٹی تعلیم کا آغاز شیطان سے ہوتا ہے، جو جھوٹوں کا باپ ہے۔ (یوحنا 8:44) وہ خُدا کی محبّت کے منصوبے کو مسخ کرنے اور آسمان کی بادشاہی کو غیر حقیقی، "ڈراؤنی" جگہ کے طور پر پیش کرنے کے لئے بے چین ہے تاکہ لوگ دلچسپی کھو دیں یا خُدا کے کلام پر یکسر مکمل طور پر شک کرنے والے بن جائیں۔ شیطان جانتا ہے کہ جب مرد اور عورتیں نجات یافتہ راستبازوں کے گھر کے بارے میں بائبل مقدّس کی حقیقت کو پوری طرح سمجھ جائیں گے تو ان پر اس کی طاقت کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے، کیونکہ وہ اُس بادشاہی میں داخل ہونے کے منصوبے بنانے شروع کر دیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اِس مسئلے کو الجھانے اور ہمارے آسمانی گھر کے متعلق جھوٹ کو پھیلانے کے لئے بہت محنت کرتا ہے۔

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

# یہ اسٹڈی گائیڈ 14 کی سیریز [سلسلہ] میں سے صرف ایک ہے!

ہر سبق حیرت انگیز حقائق سے بھرا ہوا ہے جو آپ کو اور آپ کے خاندان کو بدل دے گا اور آپ کو دیرپا اُمید لائے گا۔ کسی ایک کو بھی نظر انداز مت کریں!




کیا کوئی چیز باقی ہے جس پر آپ بھروسہ کر سکتے ہیں؟




کیا خدا نے شیطان کو پیدا کیا؟




یقینی موت سے بچاؤ




بے مثال آسمانی شہر




خوشحال ازدواجی زِندگی کے رَموز




نوشتۂ سنگ




تاریخ کا گمشدہ دن




حتمی نِجات یسُوع مسیح کی واپسی




پاکیزگی اور طاقت




کیا مرِدے واقعی مرے ہوئے ہیں؟




کیا جہنم کا داروغہ شیطان ہے؟




امن کے ہزار سال




الٰہی مفت منصوبہ برائے صحت




کیا فرمابرداری قانون پرستی ہے؟

جب آپ پہلی 14 اسٹڈی گائیڈز مکمل کر لیں، تو لکھ کر ہمارے اگلے جدید سیٹ کے بارے میں پوچھیں:

**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 4 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

**1۔ خلاء میں مقدّس شہر (1)**

- ☐ کیا لفظی نہیں ہے بلکہ محض تخیلاتی ہے۔
- ☐ کیا حقیقی شہر اَب خُدا کی اپنی سکونت گاہ میں تیار کیا جارہا ہے؟
- ☐ کچھ لوگوں کے ذہنوں کے سوا کوئی وجود نہیں رکھتا ہے۔

**2۔ یہ مقدّس شہر (1)**

- ☐ جوہری دھماکے سے تباہ ہو جائے گا۔
- ☐ شیطان اور اُس کے گرے ہوئے فرشتوں کے قبضہ میں ہوں گے۔
- ☐ اِس زمین پر اُتریں گے اور تخلیق شدہ نئی سرزمین کو دارالحکومت بنائیں گے۔

**3۔ خلاء میں مقدّس شہر: (7)**

- ☐ یہ نیا یروشلم کہلاتا ہے۔
- ☐ یہ تقریباً شہر لندن کی جسامت کے برابر ہے۔
- ☐ اُس کی دیواریں ہیرے جواہرات کی ہیں۔
- ☐ یہ شہر اتنا ہی لمبا ہے جتنا کہ چوڑا ہے۔
- ☐ گلیاں خالص سونے کی ہیں۔
- ☐ شہر کی 14 بنیادیں ہیں۔
- ☐ پطرس رسُول اِس کے دروازے پر کھڑا ہوگا۔
- ☐ اُس کا ہر ایک دروازہ 12 ایک قیمتی موتی کا بنا ہُوا ہے۔
- ☐ اُس کا احاطہ 1,500 میل ہے۔
- ☐ اُس کی بنیادیں تمام قیمتی پتھروں سے بنی ہیں۔
- ☐ شہر کامل اور متناسب ہوگا۔

**4۔ زندگی کا درخت (1)**

- ☐ ایک حقیقی درخت ہے جو خُدا کے لوگوں کو دائمی صحت اور جوانی فراہم کرے گا۔
- ☐ یہ بات چیت کی ایک صورت ہے اور اِس کا صرف یہ مطلب ہے کہ خُدا اپنے لوگوں کو طاقت عطا کرے گا۔
- ☐ شروع میں موجود تھا لیکن نئی مملکت میں شامل نہیں ہوگا۔

**5۔ درج ذیل فہرست میں اُن امور کی نشاندہی کریں جو خُدا کی نئی مملکت میں جن حقیقی وعدوں کا ذکر بائبل مقدّس میں کیا گیا ہے: (5)**

- ☐ خُداوند روزانہ شادیاں کروائے گا۔
- ☐ زندگی کا درخت 20 قسم کے پھل لائے گا۔
- ☐ خُداوند خود اپنے لوگوں کے ساتھ سکونت کرے گا۔
- ☐ دس سال بعد راست باز اُکتا جائیں گے۔
- ☐ وہاں کبھی موت یا غم نہیں آئے گا۔
- ☐ لوگ کبھی نہیں تھکیں گے۔
- ☐ مفلوجوں کو فرشتے اُٹھا کر سیر کے لیے لے جائیں گے۔
- ☐ فرشتے ڈاکٹر ہوں گے اور تمام قسم کے علاج کریں گے۔
- ☐ اندھے پھر کبھی اندھے نہیں ہوں گے۔
- ☐ حسد، خوف، نفرت، جھوٹ، حسد اور ناپاکی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گے۔
- ☐ بچے بڑے نہیں ہوں گے۔

**6۔ نیچے دیے گئے بیانات کو جانچیں جو نئی سرزمین کے بارے میں سچائی بتاتے ہیں: (6)**

- ☐ آج کے سمندر مزید نہیں رہیں گے۔
- ☐ صحرا بڑے ہو جائیں گے۔
- ☐ جانوروں کو خوبصورت آسمانی پنجروں میں رکھا جائے گا۔
- ☐ طوفان، زلزلے اور سیلاب نہیں آئیں گے۔
- ☐ فرشتے روزانہ سڑکوں پر سے احتیاط سے کچرا ہٹادیں گے۔
- ☐ پھول اور درخت نہ مرجھائیں گے۔
- ☐ جنت یہاں زمین پر ہی ہوگی۔
- ☐ گناہ دوبارہ سر نہیں اُٹھائے گا۔
- ☐ اُن سب کی جلالی شان و شوکت کو مزید مناسب طریقے سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

7۔ راست باز لوگ آسمانی بادشاہت میں ہوں گے (1)
- ☐ ایسی روحیں ہوں گی جو بربتیں بجاتی ہوں گی اور بادلوں پر پرواز کرتی ہوں گی۔
- ☐ ہم شاید وہاں موجود دیگر پیاروں اور دوستوں کو نہیں جانتے ہوں گے۔
- ☐ گوشت اور ہڈی کی اصلی جسم کے مالک ہوں گے اور ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں گے۔

8۔ ہم جانتے ہیں کہ آسمان میں لوگ حقیقی ہوں گے اور حقیقی کام کریں گے کیونکہ (1)
- ☐ سائنس نے حتمی طور پر یہ ثابت کیا ہے۔
- ☐ بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ ہم مسیح کی طرح ہوں گے، جس کے جی اُٹھنے کے بعد گوشت اور ہڈیاں تھیں اور اُس نے حقیقی کام کیے۔
- ☐ بہت سے مبلغین کہتے ہیں کہ ایسا ہی ہے۔

9۔ میں آسمانی بادشاہی میں اپنی جگہ کو یقینی بنا سکتا ہوں اگر میں (1)
- ☐ روزانہ یہ کہوں کہ میں خُداوند سے محبّت کرتا ہوں۔
- ☐ جہنم سے بہت خوفزدہ ہوں۔
- ☐ مسیح کو قبول کروں، اُس میں قائم رہوں، اور اُس کے احکامات پر عمل کروں۔

10۔ آسمانی بادشاہی میں نجات پانے والے کیا کریں گے؟ نیچے دیے گئے ذیل میں سے بائبل مقدّس کے حقائق کو جانچیں: (1)
- ☐ مکان تعمیر کریں گے اور اُن میں رہیں گے۔
- ☐ انگور کے باغ لگائیں گے۔
- ☐ جانوروں کو ماریں گے اور کھائیں گے۔
- ☐ آسمانی آلات بجائیں گے اور خدا کی حمد و ثنا کریں گے۔
- ☐ خدا کے تخت کے سامنے عبادت کریں گے۔
- ☐ ماضی کے جہنم میں جائیں گے اور کھوئے ہوئے لوگوں کو طعنہ کریں گے۔
- ☐ زندگی کے درخت میں سے کھائیں گے۔

11۔ میں یسوع کی پیش کش کو قبول کرتا ہوں تاکہ اُس کی بادشاہی میں ہمیشہ اُس کے ساتھ رہوں۔
- ☐ جی ہاں
- ☐ نہیں

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

**اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔**
**اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | م ان اک پ آ: |
| | | | | ل ی م ی اا ک پ آ: |
| | | | | ر ب م ن ن و ف: |
| | | | | ہ ت پ ا ک پ آ: |
| | ک ل م: | | ت س ا ی ر: | ع ل ض، ر ہ ش: |
| | س ن ج: | | پ و ر گ ر م ع: | ن پ: |

ں ی ئ ا و ر ک ع م ج

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔


www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480